Date:___/___/20___

MON TUE WED THS FRI SAT

# اسلامیات

۱- عقیدہ رسالت سے کیا مراد ہے؟ انسانی زندگی میں رسالت کی ضرورت واہمیت پر بحث کریں۔

Start with the summary of the answer as introduction

## رسالت کے معنی و مفہوم

اسلام کا تیسرا فروعی اور بنیادی عقیدہ 'رسالت' ہے۔ رسالت کے معنی "سفارت" اور "پیغامبری" کے ہیں۔ شریعت کی اصطلاح میں 'رسالت' اس سفارت کو کہتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے انسانوں تک اپنے تشریعی احکام پہنچانے اور انہیں اپنی مرضی کی راہ بتانے کے لیے قائم کیا ہے۔

رسول کے معنی ہیں پیامبر یا قاصد کے ہیں۔ رسول کا معنی ہے اللہ کا پیغام پہنچانے والا۔ رسولوں پر آسمانی کتب نازل ہوئیں۔ رسول نہ صرف اللہ تعالیٰ کا پیغام لوگوں تک پہنچاتے ہیں بلکہ وہ اللہ کے احکام پر خود بھی عمل کر کے دکھاتے ہیں۔ رسالت کا سلسلہ حضرت آدمؑ سے شروع ہوا اور حضرت محمدؐ پر ختم ہوا۔ حضرت محمدؐ کے بعد کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

"ہم نے خوشخبری دینے والے اور ڈر سنانے

Try to add the Arabic of quranic ayats

Date: __/__/20__ MON TUE WED THS FRI SAT

والے رسول بھیجے، تاکہ رسولوں (کی
بعثت) کے بعد لوگوں کے لیے اللہ کی
بارگاہ میں کوئی حجت باقی نہ رہے۔" (النساء 165)

اللہ تعالیٰ نے مختلف ادوار میں اپنی امتوں
پر انبیاء نازل فرمائے جو اللہ کے احکامات
کو اور تعلیمات کو لوگوں تک پہنچائیں۔
انسان کو کائنات کے مختلف حقائق سے
روشناس کرنے کے لیے رسالت اور نبوت
کے ~~عقائد~~ کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے انسانوں
کی رہنمائی کی۔

Use elaborate, self explanatory and relevant headings

## عقیدہ رسالت:

عقیدہ رسالت سے مراد حضرت آدمؑ سے
لے کر حضرت محمد مصطفیٰؐ تک جتنے بھی
انبیاء اور رسول مبعوث فرمائے گئے ان
کی تعلیمات پر عمل کرنا۔
اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو جتنی بھی نعمتیں
عطا کی ہیں ان کے استعمال، فوائد اور
نقصانات سے آگاہ کرنے کے لیے انسانوں میں
سے ہی اپنا پیغام پہنچانے کے لیے لوگوں کو
چنا اور انہیں شریعت عطا کی۔ اللہ تعالیٰ
قرآن میں ارشاد فرماتے ہیں:
"ایمان لاؤ اللہ کے رسولؐ پر اور اس نور پر
جو ہم نے اتارا۔" (سورۃ تغابن آیت 64)

CamScanner

Date: __/__/20__

MON TUE WED THS FRI SAT

رسالت / رسالت / نبی وہ ذریعہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی صحیح معرفت اور آخرت کا صحیح علم عطا کرتا ہے۔ رسول ﷺ پر نبوت و رسالت تمام کر دی اور ان کی اطاعت تمام ایمان والوں پر فرض کر دی۔ عقیدہ رسول (رسالت) کا مفہوم تب ہی مکمل ہوتا ہے جب آخری نبی حضرت محمد ﷺ کی اطاعت کو پیروی اور عملی زندگی کا حصہ بنایا جائے اور اس کی پیروی کو ضروری تسلیم کیا جائے۔ قرآن میں ارشاد ہے:

"تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق کے ساتھ رسول آ گیا ہے۔ اس پر ایمان لے آؤ اسی میں تمہاری بھلائی ہے۔" (سورۃ النساء ۱۷۰)

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عقیدہ رسالت دراصل رسول ﷺ کی لائی ہوئی تعلیمات کی پیروی اور ان کے احکامات پر عمل کا نام ہے۔ ایک اور حکم فرمایا:

"جو اللہ کے رسول کی اطاعت کرتا ہے حقیقت میں وہ اصل اللہ کی اطاعت کرتا ہے۔"

Attempt by giving subheadings

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ رسالت پر ایمان لانا ایک بنیادی تقاضا ہے۔ جو شخص اس سے انکار کرتا ہے یا اس میں رد و بدل کرتا ہے گویا وہ اللہ کی وحدانیت سے انکار کرتا ہے

MON TUE WED THS FRI SAT

Date: __/__/20 __

# انسانی زندگی میں رسالت کی اہمیت اور ضرورت :

عقیدہ رسالت اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے جس پر ایمان لائے بغیر کوئی انسان مسلمان نہیں ہو سکتا۔ رسالت پر ایمان لانا، اللہ تعالیٰ کے احکامات کی پیروی کرنے کے مترادف ہے۔ اللہ تعالیٰ نے رسولوں کو اپنے احکامات نازل کیے جس میں ان کو نیکی، بدی، اچھائی، برائی غرضیکہ ہر عمل کے بارے میں تعلیمات فراہم کی اور ان تعلیمات کو امت تک پہنچانے کی ذمہ داری دی۔ ان انبیاء اور رسولوں نے اللہ کے احکامات لوگوں تک من و عن پہنچائے۔ پس اللہ تعالیٰ کی عبادت سے کر دنیا میں زندگی گزارنے اور آخرت تک کے تمام معاملات میں رہنمائی انسان کو حضرت محمد ﷺ جو کہ آخری نبی اور رسول قرار پائے، انہی کی تعلیمات سے ملتی ہے۔ ان تعلیمات پر عمل کرکے ہی انسان دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔

"ہم نے جس رسول کو بھی بھیجا اسی لیے بھیجا کہ اذن خداوندی کے مطابق اس کی اطاعت کی جائے" (سورۃ نساء ۶۴)

Subheadings??

CamScanner

Date: ___/___/20___

دورِ قدیم سے لے کر عصرِ حاضر تک انسان کے لیے تعلیمات کی ضرورت موجود رہی ہے۔ جب تک انسانوں کے سامنے نیکی اور معصومیت کا نمونہ اور کردار و عمل کی عملی شکل موجود نہیں رہتی تو انسان بھٹک جاتے ہیں یا بہکاوے کا شکار ہو جاتے سکتے ہیں۔ اسی لیے رسالت کا عمل انسانوں کو اپنے رب کی بندگی اور انسان کو دنیا میں بھیجے جانے کا مقصد سے روشناس کروانے کے لیے کلیدی کردار کا حامل ہے۔ جیسا کہ قرآن میں ارشاد ہے:

"نیکی یہ نہیں کہ تم اپنا رخ مشرق و مغرب کی طرف کر لو، بلکہ نیکی تو یہ ہے کہ تم ایمان لاؤ اللہ پر، اور یومِ آخرت پر اور فرشتوں پر اور کتابوں اور نبیوں پر" (سورۃ البقرۃ-177)

اگر رسالت کا وجود موجود نہ ہوتا تو انسان درندہ نما شے ہوتا، نہ ہی اچھائی اور برائی کا فرق پہچان سکتا اور نہ ہی اپنے رب کو پہچان سکتا۔ انسان اور جانور میں کوئی فرق باقی نہ رہ جاتا۔ انسان گمراہی کا شکار ہوتا اور بے بہرہ ہو کر انسانیت سے عاری ہوتا جیسا کہ دورِ جاہلیت میں تھا۔

Improve the structure. A 20 marks answer should have around 15 subheadings and be on 7-9 pages

CamScanner

Date: __/__/20__

رسولوں پر اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتب بھی نازل فرمائیں جو تعلیم اور رہنمائی کا اصل سرچشمہ ثابت ہوئی۔ قرآن مجید واحد ایک غیر محرف کامل اور آخری آسمانی کتاب ثابت ہوئی جس کی تعلیمات ابدی دنیا تک کے لیے ہدایت فراہم کی۔ تمام رسولوں نے اپنی امت کو ان کتب کی تعلیمات پر عمل کر کے اللہ کا قرب حاصل کرنے کی ہدایت فرمائی۔ پس یہ کہ رسالت اور قرآنی تعلیمات مکمل ضابطہ حیات ہیں۔ عقیدہ رسالت نہ صرف اللہ کا قرب انسان کی رہنمائی اور تعلیمات کی ہدایت کا ذریعہ ہے بلکہ انسان میں تقویٰ پیدا کرنے کا بھی اہم عنصر ہے۔ اللہ تعالیٰ کی تمام عبادات کا محور و مرکز حصول تقویٰ ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہوا ہے:

"تم میں سے بہتر وہ ہے جو تم میں سب سے متقی ہے۔"

پس انسان کو عقیدہ رسالت پر ایمان لانے اور اللہ کے قرب، رہنمائی اور تقویٰ وہ پرہیزگاری کی صورت میں ملتی ہے دنیا اور آخرت میں کامیابی مل سکتی ہے۔

06

End with conclusion